RAMPUR STATE GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگانِ اعلیٰحضرت حضورپرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۲۳	مطبوعہ روز دوشنبہ بتاریخ ۲۷ ذیقعدہ سنہ ۱۳۲۹ ھ مطابق ۲۰ نومبر سنہ ۱۹۱۱ء	نمبر ۴۹

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	عطاے پروانہ خوشنودی مزاج پکشن سروپ	۱و۲
۲	رخصت مولوی محمد حبیب صاحب	۲
۳	رخصت صوبیدار جگکشن گورکھا	۲
۴	تقرر سردار بہادر	۲
۵	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگانِ حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۵ نومبر سنہ ۱۹۱۱ء

مثبتہ رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر بابت

عطاے پروانہ خوشنودی مزاج پکشن سروپ ماسٹر

صاحبزادہ صاحبان بہادر طال عمرہم -

رپورٹ منظور ہے - پروانہ سائل کو دیدیا جاوے اور گزٹ مین

درج کیا جائے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض میرساند

جناب عالی

عرضی کشن سروپ ماسٹر صاحبزادہ صاحبان بہادر حال عرم پیشگاہ عالی سے صادر ہوئی۔ سائل نے بانظہار گزارش حال حسن خدمات تعلیم درخواست کی ہے کہ اُسکے حق خدمت و محنت پر لحاظ فرمایا انعام عطا فرمایا جائے اور پروانہ خوشنودی مزاج عطا فرمایا جائے عالیجاہا واقعی سائل نے زمانۂ دراز تک خدمات تعلیم صاحبزادہ صاحبان نہایت عمدہ طرح انجام دیئے اور اُسکے حق خدمات پر لحاظ کرکے بعض موقعوں پر اُسکی پرورش کی تحریک کی گئی لیکن سائل کو کوئی جگہ نہیں ملی۔ خدوی کی رائے میں نسبت حقوق سائل عام حکم باندراج گزٹ صادر فرمایا جائے کہ ریاست کے جس صیغہ میں کوئی جگہ خالی ہو سائل کی نسبت پرورش کا لحاظ رہے۔ عرضی گزار انٹرینس پاس ہے اور خدمات متعلقہ اچھی طرح انجام دینے کی قابلیت ہے۔ زمانہ کارکردگی سائل قابل اطمینان رہا۔ ایک پروانۂ خوشنودی مزاج بھی سائل کو عطا فرمایا جائے۔ عرضی معہ بذریعہ عرضداشت ہذا بحضور عالی ارسال ہے۔

دولت و اقبال ہمیشہ رہے۔

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۹ نومبر سنہ ۱۹۱۱ء

حسب سفارش صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر مولوی محمد نجیب خان ملازم مد مصاحبان کی رخصت یکماہ بضرورت جانے مقام امرتسر بغرض علاج منظور فرمائی گئی۔

ملخص آرمی آرڈر پیشگاہ بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۱ نومبر سنہ ۱۹۱۱ء

حسب سفارش کرنیل صاحب بہادر کمانڈنٹ افواج صوبہ دار جیکشن گورکہا کمپنی کو رخصت یکماہ ۱۰ نومبر سنہ ۱۹۱۱ء سے ۹ دسمبر سنہ ۱۹۱۱ء تک عطا فرمائی گئی۔

ملخص حکم اجلاس صاحب وزیر سکرٹری بہادر

تقرر

۵ نومبر سنہ ۱۹۱۱ء

حسب رپورٹ سررشتہ دار صاحب صدر و تحریر حاکم صاحب صدر تقرر مسمی سردار بہادر برادرزادہ و خوشخدمت گرجا پرشاد منظور ہوا اور بوجہ تقرر ابتدائی تنخواہ بارہ روپیہ ماہوار مقرر کئے گئے ایام سابق جسقدر عرصہ تک سردار بہادر نے بطور عوض گرجا پرشاد کام کیا ہے وہ تنخواہ باندراج برآورد پاوینگے۔

مطبوعہ پریس ریاست رامپور

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۱۳ نومبر لغایت ۱۹ نومبر ۱۹۱۱ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۲ ار	•	•	۱۲ ۰ار	۱۱ ار	۱۲ ار	شاہ آباد و ملک کی تحصیل سے نرخنامہ نہیں آیا
نخود خالص	۱۳ ار	•	•	۱۶ ار	۱۳ ار	۱۵ ار	
نخود و کسہ آمیز	۱۵ ار	•	•	۱۹ ۰ار	۱۴ ار	۱۶ ۰ار	
کسہ	•	•	•	•	۱۵ ار	۱۷ ار	
ماش	۹ ار	•	•	۵ ۰ار	۸ ۰ار	۸ ار	
مونگ	۹ ار	•	•	•	۸ ۰ار	۸ ار	
مکا	۱۹ ار	•	•	۲۰ ۰ار	۱۸ ار	۱۷ ۰ار	
جئی	۱۶ ار	•	•	۱۸ ار	۱۸ ار	۲۰ ار	
گوجئی	•	•	•	•	۱۸ ار	۱۴ ۰ار	
عدس	۱۵ ار	•	•	•	•	•	
ارہر	۱۹ ار	•	•	۱۴ ۰ار	•	۱۵ ار	
برنج	۷ ۰ار	•	•	۷ ۰ار	۷ ۰ار	۷ ار	
روغن زرد	۰۶/// ار	•	•	-/// ار	-/// ار	-/// ار	
روغن سیاہ	۲/// ار	•	•	۲ ار	۲ ار	۲ ار	
روغن کنجد	۱۰/ ار	•	•	•	۱ ار	•	
نمک سانبھر	۱۳ ار	•	•	۱۳ ار	۱۴ ۰ار	۱۶ ار	
نمک لاہوری	•	•	•	•	۱۲ ار	۱۲ ار	
قند سیاہ	۵ ار	•	• •	۵ ۰ار	۶ ۰ار	۵ ار	
باجرہ	۱۴ ار	•	•	•	•	•	

مطبوعہ پریس ریاست رامپور